13 مارچ 2015ء

اسلامیہ کالج پشاور کی صدسالہ تقریبات پر اسٹیٹ بینک 20 روپے کا یادگاری سکہ جاری کرے گا

بینک دولت پاکستان اسلامیہ کالج پشاور کے قیام کے 100 سال مکمل ہونے پر حکومت پاکستان کے فیصلے کے تحت 20 روپے کا یادگاری سکہ جاری کررہا ہے۔ یہ سکے 16 مارچ 2015ء سے ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے تمام دفاتر کے کاؤنٹرز سے جاری کیے جائیں گے۔

سکے کا وزن 12 گرام ہے، اس میں 75 فیصد تانبا اور 25 فیصد نکل ہے۔ اس کی شکل گول اور قطر 30 ملی میٹر ہے۔ اسلامیہ کالج کی صدسالہ تقریب کے اظہار کے لیے سکے کے سامنے کے رخ پر '100 years of Glory' کے الفاظ کندہ ہیں۔ سکے کے کنارے پر اور اوپر کی جانب 'ISLAMIA COLLEGE PESHAWAR' کندہ ہے۔ کنارے پر نیچے کی جانب تاریخیں '1913-2013' کندہ ہیں۔

سکے کے پچھلے رخ پر اسلامیہ کالج کی تاریخی عمارت کی تصویر ہے۔ اس عمارت کے اوپر اور کنارے پر اردو میں 'اسلامی جمہوریہ پاکستان' کے الفاظ کندہ ہیں۔ سکے کے نیچے کی جانب اس کی قیمت '20' نمایاں طور پر عدد کی شکل میں اور اردو میں لفظ 'روپیہ' کندہ ہے۔

***